کہ مالک نے 'مجھے پس ماندگی، محرومی اور بے یقینی سے نکال کر ان راہداریوں میں لا کھڑا کیا، جہاں طاقت، اقتدار اور مذاقِ عاجزی گلے مل کر مسکراتے ہیں...... مجھے مشورہ دینے والے بہت ہیں، میرے خیرخواہ...... میرا دامن روز تھام لیتے ہیں...... ان کی نظر میں زندگی کی سانسیں، عزت، احترام، سہولتیں، سب اس نوکری اور سرکار کی مرہونِ منت ہیں، لیکن جب مَیں رات کی تنہائی میں اپنے رب کے سامنے سربسجود ہوتا ہوں، تو اس واحد اور رحیم اور کریم کی چوکھٹ کے آگے یہ سارے مشورے، یہ ساری خیرخواہیاں ہیچ لگنے لگتی ہیں......'' اوریا مقبول جان کو پڑھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ''ایسی چنگاری بھی یارب اپنے خاکستر میں ہے!'' بیوروکریسی اور مقتدرہ کی کانِ نمک جس میں اچھے اچھے انقلابی تحلیل ہوجاتے ہیں، خدا کرے اوریا بچ جائیں۔

علم و آگاہی کی فراوانی کے ساتھ خلوص، کرب و درد میں ڈوبی ہوئی یہ چیخیں کاش، اُن لوگوں تک پہنچیں اور انھیں ہوش میں لے آئیں، جو اختیار اور اقتدار کی راہ داریوں پر قابض ہیں۔(پروفیسر عبدالقدیر سلیم)

مسلمان عورت اور یورپی سازش، ڈاکٹر امیر فیاض۔ ملنے کا پتا: محمد شعیب ہومیو کلینک اینڈ اسٹور، منظور مارکیٹ، لنڈیکس، منگورہ، سوات۔ صفحات: ۲۵۶۔ قیمت: ۶۵ روپے۔

عورت آج ہمارے ملک ہی کا نہیں پوری دنیا کا اہم موضوع ہے۔ عورت کے حوالے سے آزادی اور حقوق کی جنگ کے مغربی تصور کو رائج کرنے کے لیے مختلف این جی اوز اور کچھ خفیہ طاقتیں ایک تسلسل کے ساتھ سرگرمِ عمل ہیں۔ اس کتاب میں یورپی ممالک کی مسلمان خواتین کے خلاف ایک باقاعدہ اور منظم سازش کا پردہ چاک کرتے ہوئے بہت سے تلخ حقائق بیان کیے گئے ہیں۔ مسلمان خواتین کو مغربی تہذیب کے اثرات سے بچانے کے حوالے سے یہ ایک قابلِ قدر کاوش ہے۔ ابتدا میں خواتین کے حقوق کے نام پر ہونے والی کانفرنسوں کے اصل مقاصد کو بے نقاب کرنے کے علاوہ مغربی تہذیب و معاشرت کے تلخ حقائق اعداد و شمار کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں۔ ساتھ ہی اس سارے ایجنڈے کے خلاف مسلم ممالک کی خواتین کے احتجاج اور مظاہروں کی تفصیلات تصویر کا دوسرا رخ پیش کرتی ہیں۔ مصنف نے اس ساری صورت حال کا